21/04/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں۔۔۔عمر مختار

بھارت کوریا

بھارت اور جنوبی کوریا نے کھیل، ثقافتی و تخلیقی صنعتوں، چھوٹے اور درمیانہ درجے کے کاروبار اور صنعتی تعاون کمیٹی کے قیام کے شعبوں میں تعاون کے لیے چار مفاہمت نامے طے کئے ہیں۔

ان معاہدوں پر کل نئی دہلی میں وزیر اعظم نریندر مودی اور جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ کے درمیان ملاقات کے بعد دستخط کئے گئے۔

رسوئی گیس

حکومت نے کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں جاری بحران کے باوجود ملک بھر میں رسوئی گیس کی فراہمی مستحکم ہے اور کسی بھی ڈسٹری بیوشن سنٹر پر گیس کی قلت کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

نئی دہلی میں بین وزارتی بریفنگ کے دوران پیٹرولیم و قدرتی گیس کی وزارت کی سیکریٹری سجاتا شرما نے بتایا کہ حکومت موثر انتظام کو یقینی بنانے کے لیے کئی اہم اقدامات کر رہی ہے۔

شانت

جموں و کشمیر کے سٹیٹ الیکشن کمشنر شانت منو نے جموں ضلعے کے میران صاحب اور آر ایس پورہ بلاک کا دورہ کیا اور پنچایت انتخابی فہرستوں 2026کی نظرثانی کے لیے منعقد کیے جا رہے خصوصی کیمپوں کے کام کاج کا جائزہ لیا۔

انہوں نے رجسٹریشن فارموں کی صورتحال اور نئے اہل ووٹروں کے اندراج کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ شانت منو نے جمہوریت کو نچلی سطح پر مضبوط بنانے کے لیے تمام اہل ووٹروں کی سو فیصد شمولیت کی ضرورت پر زور دیا اور حکام کو نئے ووٹروں کے اندراج کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت دی۔

اجلاس

جموں و کشمیر میں کاروبار میں آسانی پیدا کرنے اور نئی صنعتی پالیسی کی نظرثانی کے لیے تشکیل دی گئی کمیٹی کا پہلا مشاورتی اجلاس کل ادیوگ بھون جموں میں منعقد ہوا جس میں کئی متعلقین نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران صنعت سے وابستہ نمائندوں نے مختلف امور پر تفصیلی تجاویز پیش کیں۔

یہ جموں و کشمیر کی صنعتی پالیسی میں نظرثانی اور کاروباری ماحول کو بہتر بنانے کے سلسلے میں کمیٹی کی پہلی میٹنگ تھی، جبکہ اگلا اجلاس کشمیر میں منعقد کیا جائے گا۔

حج

سرینگر ہوائی اڈے سے عازمین حج کی حج بیت اللہ کیلئے روانگی کا سلسلہ احسن طریقے پر جاری ہے ۔ اس تعلق سے جموں کشمیرسٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....

نذیر گنائی

کیمیاوی کھادوں کے مضر اثرات کو مد نظر رکھتے ہوئے وادی میں ان دنوں حیاتیاتی اور نامیاتی کاشت کاری اپنے عروج کو پہنچ رہی ہے ۔ شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر ل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی شالیمار اس طرز کاشت کاری کو فروغ دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے ۔

اس حوالے سے یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....

ACB

اینٹی کرپشن بیورو (اے سی بی) نے اننت ناگ ضلعے کے پہلگام سرکل میں محکمہ خوراک کے سابق اسٹور کیپروں کے خلاف غذائی اجناس میں خردبرد کے مقدمے میں سزا دلوا دی ہے۔ اینٹی کرپشن کورٹ اننت ناگ نے عبدالخالق ، غلام حسن حجام اور مظفر احمد بچھو کو مجرم قرار دیا۔ان پر اپریل1989 سے Ather 11شاہ، غلام نبی میر، محمد شفیع ر ستمبر 1989 کے دوران غذائی اجناس اور خالی بوریوں کے خردبرد کا الزام ثابت ہوا ہے۔

دریں اثنا، اے سی بی نے ایک اور معاملے میں ضلع کپواڑہ کے سابق بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر عبدالماجد گنائی، جونیئر اسسٹنٹ بشیر احمد میر، ایم آئی ایس او/جی آر ایس سجاد احمد ڈار اور دو افراد ذاکر حسین پیر اور گوہر یعقوب خان کے خلاف چارج شیٹ پیش کی ہے۔یہ کیس 19 جولائی 2021 کو اے سی بی کے شکایتی پورٹل پر موصول ہونے والی ایک شکایت سے شروع ہوا، جس میں ترقیاتی اسکیموں کے لیے مختص فنڈز میں خردبرد کا الزام لگایا گیا تھا۔

بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے ریلوے اسٹیشن نوگام سرینگر کا دورہ کیا مسافروں کے لیے دستیاب سہولیات کے ساتھ ساتھ آئندہ شری امرناتھ جی یاترا کے لیے کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

انہیں یاترا کے سلسلے میں لاجسٹک انتظامات، بنیادی ڈھانچے کی تیاری اور بین محکمانہ تال میل کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔

گرفتاری

نشہ مکت جموں و کشمیر ابھیان کے تحت پولیس نے اپنی مسلسل کارروائیوں کو جاری رکھتے ہوئے ضلع بڈگام کے چاڈورہ علاقے میں معیار کے رہنے والے اشفاق احمد داندرو نامی ایک منشیات فروش کو گرفتار کر لیا اور اس کے قبضے سے چرس نما ممنوعہ مادہ برآمد کیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ18 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ